Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

18 اگست 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے جناح اسپتال میں میٹرنٹی وارڈ کا سنگِ بنیاد

کراچی۔امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر میں 120 بستر کے میٹرنٹی وارڈ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ تقریب میں USAID کے قائم مقام صوبائی ڈائریکٹر ڈاکٹر رینڈی ہاٹ فیلڈ، وزیر اعلی سندھ قائم علی شاہ، وزیر صحت سندھ ڈاکٹر صغیر احمد اور کراچی میں نئے امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'جناح اسپتال میں 120 بستر کے میٹرنٹی وارڈ کا منصوبہ امریکی عوام کی جانب سے پاکستانیوں کیلیے صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے کئی منصوبوں میں سے ایک ہے۔' USAID کے قائم مقام صوبائی ڈائریکٹر ڈاکٹر رینڈی ہاٹ فیلڈ نے اس منصوبے میں USAID کے شراکت دار اظہار کنسٹرکشن کی کوششوں کی بھی تعریف کی۔

جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر میں میٹرنٹی وارڈ کی تعمیر کیلیے امریکی حکومت USAID کے ذریعے 6 ملین ڈالر فراہم کرے گی۔ صحت کے شعبے میں امریکہ اور پاکستان کے درمیان تعاون کئی عشروں پر محیط ہے۔ 1959 میں USAID، جناح اسپتال اور انڈیانا یونیورسٹی کی مشترکہ کوششوں سے بنیادی صحت کا ایک مرکز قائم کیا گیا تھا۔ 2012 میں جناح اسپتال میں ہی 3.4 ملین ڈالر کی لاگت سے گائنی وارڈ کی تعمیر کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ 387 ملین ڈالر کی لاگت سے ماں اور بچے کی صحت کا منصوبہ بھی جاری ہے جس کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت اور زچہ و بچہ کی نگہداشت کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

####